DO NOT WRITE ANYTHING HERE

مندرجہ ذیل غزل کے اشعار کے مطلب لکھئے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجئے۔

(i) ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے

(ii) کوئی اُمید بر نہیں آتی
کوئی صورت نظر نہیں آتی

17. نظم "حمد" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ **[3]**

یا

نظم "اے شریف انسانو!" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

حصہ – د / (SECTION – D)

18. مرزا غالبؔ کے سوانحی احوال تحریر کیجئے۔ **[4]**

یا

اقبالؔ کے سوانحی احوال تحریر کیجئے۔

19. اپنے دوست کو فٹ بال کا فائنل میچ جیتنے پر مبارکباد کا ایک خط لکھئے۔ **[4]**

یا

اپنے اسکول کے پرنسپل صاحب کو دو دن کی چھٹی کی درخواست لکھئے۔

20. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مختصر مضمون لکھئے۔ **[4]**

(i) عیدالفطر
(ii) درختوں کی اہمیت
(iii) عورتوں کی تعلیم۔

(SECTION – C) / حصہ – ج

14. مندرجہ ذیل اقتباس کا مطلب لکھئے اور سیاق و سباق کا حوالہ بھی دیجئے : **[3]**

کبھی کبھی کھانے میں وٹامن 'اے' کی کمی کی وجہ سے بینائی کم ہو جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ بہت سے بچے حادثوں میں اپنی بینائی کھو بیٹھتے ہیں۔ بچّو! وٹامن 'اے' کی کمی پورا کرنے کے لئے اپنے کھانے میں ہری سبزیاں، گاجر، پیلے پھل، آم، پپیتا، کدو وغیرہ مناسب مقدار میں استعمال کرنا چاہیئے۔ ساتھ ہی گلّی ڈنڈا اور پٹاخوں یا نکیلی چیزوں سے اپنی آنکھوں کی خاص طور پر حفاظت کرنا چاہیئے۔

یا

ہمارے ایک اور بے تکلف دوست ہیں۔ وہ جہاں کہیں ہم سے ملتے ہیں، مصافحہ کرنے کے بجائے بار بار بغلگیر ہو کر بے تکلفی کا اظہار کرتے ہیں۔ ایک بار انارکلی میں ملاقات ہوئی۔ بازار کے بیچ انھوں نے یہ عمل جو دہرانا شروع کیا تو راہگیر دانتوں میں انگلیاں داب کر رہ گئے۔ ہر دو منٹ کے بعد بغلگیر ہو کر کہتے "بھائی خوب ملے" ۔ یار ، حد ہو گئی۔

15. سبق "خُدا کے نام خط" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ **[3]**

یا

سبق "کارتوس" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

16. مندرجہ ذیل نظم کے بند کا مطلب لکھئے اور نظم اور شاعر کا حوالہ بھی دیجئے۔ **[3]**

جو پار اتارے اوروں کو اس کی بھی ناؤ اترنی ہے
جو غرق کرے پھر اس کو بھی یاں ڈبکوں ڈبکوں کرنی ہے
شمشیر، تیر، بندوق، سناں اور نشتر، تیر، نہرنی ہے
یاں جیسی جیسی کرنی ہے پھر ویسی ویسی بھرنی ہے

یا

(SECTION – B) / حصہ – ب

نوٹ : مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔

بیگم حضرت محل کا شمار ہندوستان کی ان مایۂ ناز خواتین میں ہوتا ہے۔ جنھوں نے تحریکِ آزادی میں پڑھ چڑھ کر حصّہ لیا۔ بیگم حضرت محل کی ولادت ریاستِ اودھ کی راجدھانی فیض آباد میں ۱۸۲۰ء میں ایک غریب خاندان میں ہوئی۔ ان کے بچپن کا نام محمدی خاتون تھا لیکن انھیں "امراؤ" کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ تاجدارِ اودھ واجد علی شاہ اخترؔ کی شریکِ حیات بن جانے کے بعد انھیں "بیگم حضرت محل" اور جنابِ عالیہ جیسے ناموں سے جانا جانے لگا۔

4. بیگم حضرت محل کی ولادت کب ہوئی ؟ **[2]**

5. ان کے بچپن کا نام کیا تھا؟ **[2]**

6. بیگم حضرت محل کس کی شریکِ حیات بنی تھیں ؟ **[2]**

7. ریاستِ اودھ کی راجدھانی کیا تھی ؟ **[2]**

نوٹ : مندرجہ ذیل سوالات کے مختصرًا جوابات لکھیے :

8. فعل کسے کہتے ہیں ؟ **[2]**

9. محاورہ "ایک ہی تھیلی کے چٹّے بٹّے ہونا" کے معنی لکھیے۔ **[2]**

10. مندرجہ ذیل مذکر کے مؤنث اور مؤنث کے مذکر بنایئے۔

(i) لڑکی **[1]**

(ii) بھائی **[1]**

11. صفت کسے کہتے ہیں ؟ **[2]**

12. مندرجہ ذیل الفاظ پر سابقے یا لاحقے لگایئے۔

(i) غیرت **[1]**

(ii) شرم **[1]**

13. مندرجہ ذیل رموزِ اوقاف کی علامت لکھیے۔

(i) واوین **[1]**

(ii) سکتہ **[1]**

.2 مندرجہ ذیل خالی جگہ کو پُر کیجئے۔

(i) سائنس نے ہمارے لئے بہت سی ____________ فراہم کی ہیں۔ **[1]**

(ii) سماج میں باعزت زندگی گزارنے کے لئے ____________ بے حد ضروری ہے۔ **[1]**

(iii) ساری دُنیا کی ____________ دھیمی پڑ گئی۔ **[1]**

(iv) " ____________ کا ایک دن معیّن ہے ، نیند کیوں رات بھر نہیں آتی"۔ **[1]**

(v) تعریف اس خدُا کی جس نے ____________ بنایا۔ **[1]**

(vi) خون اپنا ہو یا ____________ ہو ، نسلِ آدم کا خون ہے آخر ۔ **[1]**

.3 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات **ایک جملے** میں لکھئے :

(i) سنسکرت کس زبان کی شاخ ہے ؟ **[1]**

(ii) بھیم راؤ امبیڈکر کا اصل نام کیا تھا ؟ **[1]**

(iii) آپ کے نصاب میں حبیب تنویر کا کون سا ڈرامہ شامل ہے ؟ **[1]**

(iv) رضیہ سلطان نے کتنے سال حکومت کی ؟ **[1]**

(v) سبق "بے تکلفی" کے مصنف کون ہیں ؟ **[1]**

(vi) ای ۔ میل (E-MAIL) کیا ہے ؟ **[1]**

(vii) شاعر نے چشمہ کس کو کہا ہے ؟ **[1]**

(viii) اقبالؔ کی کسی ایک نظم کا نام لکھئے۔ **[1]**

(ix) ساحرؔ کا اصل نام کیا تھا ؟ **[1]**

(x) " ہستی اپنی حبُاب کی سی ہے " مصرعے میں زندگی کو کس کے جیسا کہا گیا ہے ؟ **[1]**

(xi) نزدیک کا متضاد لکھئے۔ **[1]**

(xii) تصویر کی جمع لکھئے۔ **[1]**

(ix) ہماری دنیا پہلے کیا تھی ؟ [1]

(A) پانی کا بلبلہ (B) آگ کا گولا (C) ہوا کا جھونکا (D) چمکتا ہوا ستارہ

(x) "نسلِ آدم کا خون ہے آخر" مصرعے میں نسلِ آدم سے کیا معنی ہیں؟ [1]

(A) ظالم کی نسل (B) جانور کی نسل (C) آدم کی نسل (D) جاہل کی نسل

(xi) بشر نواز کا اصل نام کیا ہے؟ [1]

(A) بشارت نواز خان (B) بشیر خان (C) بشار خان (D) آبشار خان

(xii) "یہ کارخانہ تو نے کب رائیگاں بنایا" مصرعے میں "کارخانہ" سے کیا مُراد ہے؟ [1]

(A) سورج (B) دوزخ (C) جنت (D) دُنیا

(xiii) 'عودِ ہندی' اور 'اُردو معلّٰی' کس کے خطوط کے مجموعے ہیں؟ [1]

(A) مرزا غالبؔ (B) اسمٰعیلؔ میرٹھی (C) میر تقی میرؔ (D) بشر نواز

(xiv) نظم "پہاڑ اور گلہری" کے شاعر کون ہیں؟ [1]

(A) مرزا غالبؔ (B) نشر نواز (C) حالیؔ (D) اقبالؔ

(xv) خدُائے سخن کا لقب کس کو دیا جاتا ہے؟ [1]

(A) اقبالؔ (B) غالبؔ (C) میر تقی میرؔ (D) اسمٰعیلؔ

(xvi) نظم "نیکی اور بدی" کے خالق کون ہیں؟ [1]

(A) میر تقی میرؔ (B) ذوقؔ (C) نظیر اکبر آبادی (D) چکبستؔ

(xvii) 'حق' کی جمع ہے [1]

(A) حقیق (B) محقق (C) حقاق (D) حقوق

(xviii) 'اچھا' کا متضاد ہے۔ [1]

(A) خوبصورت (B) برُا (C) بہتر (D) پیارا

(SECTION – A) /حصہ – الف

1. مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے چار ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر کاپی میں لکھیے۔

(i) کنھیالال کپور کہاں پیدا ہوئے ؟ **[1]**

(A) دہلی (B) لاہور (C) بنارس (D) راجستھان

(ii) سبق "زبانوں کا گھر ہندوستان" کے مصنف کون ہیں ؟ **[1]**

(A) اقبالؔ (B) پریم چند (C) مرزا غالبؔ (D) سید احتشام حسین

(iii) سبق "خدا کے نام خط" کس زبان کی لوک کہانی پر مشتمل ہے ؟ **[1]**

(A) اسپینی (B) روسی (C) جاپانی (D) ہندی

(iv) صوفی کاظم الدین زاہد نے کس کی تخت نشینی کا اعلان کیا؟ **[1]**

(A) التونیہ (B) التمش (C) رضیہ (D) رکن الدین

(v) بھارت کے دستور کا معمار کسے کہا جاتا ہے ؟ **[1]**

(A) ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر (B) مہاتما گاندھی

(C) جواہر لال نہرو (D) سردار ولبھ بھائی

(vi) "نابینا" کسے کہتے ہیں ؟ **[1]**

(A) جو بول نہ سکے (B) جو چل نہ سکے

(C) جسے سنائی نہ دے (D) جسے دکھائی نہ دے

(vii) کرنل نے سوار کو کتنے کارتوس دیئے ؟ **[1]**

(A) دس (B) دو (C) پانچ (D) سات

(viii) درجِ ذیل میں سے رتن سنگھ کی کہانی کون سی ہے ؟ **[1]**

(A) قول کا پاس (B) بے تکلفی (C) کاٹھ کا گھوڑا (D) کارتوس

नामांक Roll No.

Question Booklet No.

No. of Questions – **20**

No. of Printed Pages – **7**

S-72-Urdu (T.L.)

SECONDARY EXAMINATION, 2026

उर्दू

URDU
(Third Language)

Time : 3 Hours 15 Minutes

Maximum Marks : 80

طلبہ کے لئے ہدایات :

(i) طلبہ / طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچے پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات کے جوابات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اُس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہیں، اُن حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(vi) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔